© rasailojaraid.com

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ جب قائدِ اعظم کا نام آئے تو رضی اللہ عنہ کہا جائے اور قائدِ اعظم کے ساتھیوں کا ذکر آئے تو رحمتہ اللہ علیہ کہا جائے۔ (منیر احمد منیر)

اور جب ایسی لایعنی باتیں کرنے والوں کا نام آئے تو لعنتہ اللہ علیہ کہا جائے۔

☆ خاتون کو چٹکی کاٹنے پر نائب ناظم کی بھری بس میں چھترول۔ (ایک خبر)

اے کشتی کے کھیون ہار انہیں بیچ دریا کے مار

☆ اقتدار میں ہوتی تو مجاہدین کو حملوں سے منع کرتی۔ (بے نظیر)

کیا پدی اور کیا پدی کا شوربہ!

☆ قائدِ اعظم نے سیکولر پاکستان کا خواب دیکھا تھا۔ (نسلی واڈیا۔ جناح کا نواسہ)

اور نسلی واڈیا اس وقت قائدِ اعظم کے ساتھ سویا ہوا تھا۔

☆ قادیانیوں کے خلاف تحریک امریکہ کے ایماء پر چلائی گئی۔ (جاوید اقبال)

چن! سنیا اے تیرا وی لک وا
ذرا سانوں وی وکھا سانوں شک وا

☆ بے نظیر کے غیر ممالک میں سوارب کے اثاثے۔ (ایک خبر)

''غریبوں کا مقدر بدلنے کے لئے ہیں''

☆ جلد پاکستان آ کر بحالی جمہوریت کے لئے جدوجہد کروں گا۔ (نواز شریف)

وہ دن گئے جب خلیل میاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔

☆ گھر میں فاقے...... خاتون تین بیٹیوں کے ساتھ نہر میں کود گئی۔ (ایک خبر)

اور حاکم سکون کی نیند سو رہے ہیں۔

☆ سیاست کو عبادت سمجھنے والوں کی پذیرائی کی جائے۔ (سعید منیس)

یعنی ان کے ''سوشلزم'' اور ''جمہوریت'' کی ٹھیک ٹھاک ٹھکائی کی جائے۔

بقیہ ص 10 پر

© rasailojaraid.com